## سوال

(344)کسی مسلمان کو غیر مسلم کہنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسلمان کو کہنا تو مومن نہیں یا تو بے ایمان ہے 'اس کا کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا کہنا جائز نہیں بلکہ حرام ہے ۔ اس کی دلیل حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا :

(إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لأَخِيهِ : يَا كَافِرُ فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا فَإِنْ كَانَ قَالَ وَإِلَّا رَجَعَتْ عَلَيْهِ)

''جب کوئی شخص اپنے بھائی کو کہتا ہے 'او کافر! تو یہ لفظ ان میں سے کسی ایک پر صادق آتا ہے ۔ اگر (جسے کہا گیا ہے) وہ ایسے ہی ہے جیسا کہ کہا گیا (پھر تو وہ کافر ہے ہی) ورنہ یہ (لفظ) کہنے والے پر لوٹ آتا ہے'' (متفق علیہ) 1

1 صحیح بخاری حدیث نمبر : ٦١٠٤ ۔ جامع ترمذی حدیث نمبر : ٢٦٣٩

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا :

''جو شخص اپنے بھائی کو کفر کے لفظ کے ساتھ بلاتا ہے (اسے کافر کہتا ہے) یا کہتا ہے ''اور اللہ کے دشمن! اور (جسے کہا گیا ہے) وہ ایسا نہیں ہے تو یہ بات کہنے والے پر پلٹ آتی ہے ۔'' (متفق علیہ) 2

2 (صحیح بخاري حدیث نمبر : ٦٠٤٥ ۔ صحیح مسلم حدیث نمبر : ٦١ ۔ سنن ابی داوٗد حدیث نمبر : ٤٦٨٧)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ